ماحولیاتی اور سماجی جائزے کی سمری کا ڈرافٹ

پاکستان میں ایل این جی ٹرمینل 34603

IFC اسکوپ آف ریویو کا جائزہ

اس منصوبے کا جائزہ تیکنیکی ، ماحولیاتی، صحت، تحفظ اور ان سماجی معلومات کے بارے میں منصوبے کے اسپانسرز کی پیش کردہ معلومات اور فروری 2014 میں کیے جانے والے فیلڈ کے دورے پر مشتمل تھا۔ ماحولیاتی اور سوشل اپریزل ٹیم نے اینگرو ووپیک ٹرمینل لمیٹڈ کی سائٹ، اینگرو ایلنجی ٹرمینل لمیٹڈ پر مجوزہ ایلنجی جیٹی سائٹ ،قریبی مینگروز ایریا اور مجوزہ 24 کلومیٹر طویل پائپ لائن کا دورہ کیا۔ٹیم نے ماحولیاتی اور سماجی جائزے کے کنسلٹنٹ، کمپنی کی مینجمنٹ ٹیم کے ساتھ میٹنگز کیں اور کچھ ملازمین سے انٹرویو کیے۔اس سلسلے میں ماحول، صحت اور تحفظ سے متعلق ضروری دستاویزات کا جائزہ بھی لیا گیا اور ان پر بحث کی گئی۔

IFC کی ٹیم نے ماحولیاتی اور سماجی منصوبوں پر غور کیا اور جہاں ضروری سمجھا گیا منصوبے میں موجود خامیوں کی نشاندہی کی گئی اور انہیں دور کرنے کے لئے منصوبے میں اصلاحی تبدیلیاں کی گئیں۔ ساتھ ہی ان منصوبوں کی منظوری دی گئی جس کی تفصیل ذیل میں درج پیراگرافوں میں موجود ہے اور منظور شدہ ماحولیاتی اور سوشل ایکشن پلان کا حصہ ہے جسکی وضاحت اس ریویو خلاصے میں کی گئی ہے۔ ان مینجمنٹ پلانز اور ESAP کے اطلاق سے اس منصوبے کا ڈیزائن اور آپریشن کارکردگی کے معیار کے مقاصد کے تحت شروع ہونے کا امکان ہے۔ اگر IFC کی سرمایہ کاری جاری رہتی ہے تو IFC مختلف مراحل میں، منصوبے کے معیار کا پرفارمنس اسٹینڈرڈ کے مطابق جائزہ لے گا۔

منصوبے کی وضاحت

اینگرو کارپوریشن لمیٹڈ (اینگرو) پاکستان کی سب سے بڑی ملکی کمپنی ہے جسکے کاروبار فرٹیلائزر سے پاور جنریشن تک ہیں۔ اینگرو کراچی کے نزدیک پورٹ قاسم کے مقام پر ایک لیکوئڈ کیمیکل ٹرمینل EVTL کے نام سے آپریٹ کر رہا ہے۔ IFC کا منصوبہ ہے کہ موجودہ EVTL سے متصل اینگرو ایلنجی لمیٹڈ کے نام سے ایل این جی ٹرمینل منصوبے میں سرمایہ کاری کرے۔

EVTL اس وقت اینگرو اور رائل ووپیک نیدرلینڈز کی مشترکہ ملکیت ہے۔ رائل ووپیک دنیا کا سب سے بڑا ٹینک اسٹوریج پروائیڈر ہے۔ اس وقت EVTL مائع پیٹرولیم گیس، مائع ایتھیلین ڈیکلورائڈ مونوا تھیلین گلائیکول، فاسفورک ایسڈ، ایسٹک ایسڈ، پیرازائیلین، اور وینائل کلورائیڈ مونومرز کی اسٹوریج اور ان لوڈنگ کے لئے جیٹی کی ہینڈلنگ کی سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ کچھ مائع کیمیکلز پورٹ قاسم انڈسٹریل زون میں پائپ لائنز سے فراہم کر دیا جاتا ہے جبکہ باقی روڈ ٹینکروں کی مدد سے سپلائی کیا جاتا ہے۔

مجوزہ ایلنجی ٹرمینل پروجیکٹ کے لئے موجودہ لیکوئیڈ کیمیکل جیٹی کے قریب LNG کے لئے ایک برانچ جیٹی تعمیر کی جائیگی۔ ایک فلوٹنگ اسٹوریج اور ری گیسیفیکیشن یونٹ LNG جیٹی کے ساتھ LNG کی ان لوڈنگ، اسٹوریج اور ری گیسیفیکیشن پروسیس کے لئے مستقل طور پر جوڑ دیا جائے گا۔ FSRU، ایکسیلریٹ انرجی کی جانب سے فراہم کیا جائے گا جو امریکہ کی ایک بڑی LNG ٹرانسپورٹیشن اور فلوٹنگ ری گیسیفیکیشن انفرااسٹرکچر ہے۔ FSRU سے حاصل شدہ قدرتی گیس 24 کلومیٹر طویل پائپ لائن کی مدد سے قدرتی گیس کے موجودہ نظام سے منسلک کر دی جائے گی۔

IFC کے اینگرو کے ساتھ کئی جاری منصوبے ہیں۔ اور اس جاری منصوبے میں IFC کی سرمایہ کاری کا مطلب ہے کہ IFC کے ماحول اور سوشل معیار پر اینگرو کی کارکردگی اطمینان بخش ہے۔

متعلقہ قابل عمل پرفارمنس اسٹینڈرڈز:

- PS1: ماحولیاتی اور سماجی خطرات کا جائزہ، مینجمنٹ اور اثرات
- PS2: لیبر اور کام کے حالات
- PS3: ریسورس کی استعداد اور آلودگی سے بچاؤ
- PS4: کمیونٹی کی صحت، تحفظ اور سیکیورٹی
- PS5: زمین کا حصول اور غیر ارادی آبادکاری
- PS6: بائیوڈائیورسٹی پر گفتگو اور زندہ قدرتی وسائل کا دیرپا انتظام

E&S درجہ بندی اور دلیل

LNG کی ان لوڈنگ، اسٹوریج اور ری گیسیفیکیشن پروسیس کے لئے ایک نئی براںچ جیٹی تعمیر کی جائیگی۔حاصل شدہ قدرتی گیس 24 کلومیٹر طویل زیر زمین پائپ لائن کی مدد سے قدرتی گیس کے موجودہ نظام سے منسلک کر دی جائے گی۔اس میں 3 کلومیٹر پورٹ اتھارٹی انڈسٹری زون کے باہر پرائیوٹ زمین بھی شامل ہے۔جیٹی سائٹ سے تقریباً 1.3 -1.6 ملین کیوبک میٹر گار نکالا جائے گا۔یہ گار پورٹ انڈسٹری زون میں پورٹ اتھارٹیز کی جانب سے نشاندہی کی گئی 50 ایکڑ مینگروو ایریا میں ٹھکانے لگایا جائے گا۔

E&S کے اہم خطرات اور مسائل مندرجہ ذیل ہیں

- پیشہ ورانہ صحت و تحفظ
- آپریشنل خطرات، آگ سے بچاؤ، ایمرجنسی ریسپانس
- روڈ ٹرانسپورٹیشن اور کمیونٹی کا تحفظ
- مینگروو ایریا کے لئے بائیوڈائیورسٹی کنورژن

پوٹینشل E&S خطرات کے لئے کمی کے اقدامات کر لئے گئے ہیں اور انہیں ESAP میں شامل کر دیا گیا ہے۔اس منصوبے کے پوٹینشل E&S خطرات مختلف النوع ہیں اور ناقابل تنسیخ ہیں لہذا یہ E&S کیٹگری A منصوبہ ہے۔

مجوزہ ایل این جی ٹرمینل پروجیکٹ کے لئے براںچ جیٹی موجودہ لیکوئیڈ کیمیکل جیٹی کے قریب تعمیر کی جائیگی۔زیادہ تر پائپ لائن پورٹ انڈسٹری زون کے اندر تعمیر کی جائے گی۔اس میں 3 کلومیٹر پورٹ اتھارٹی انڈسٹری زون کے باہر پرائیوٹ زمین بھی شامل ہے۔منصوبے کے علاقے میں کوئی مقامی افراد نہیں پائے گئے اور نہ ہی تہذیبی ورثے کے بارے میں کوئی مسائل پائے گئے۔اس لئے PS7: مقامی لوگ اور PS8: تہذیبی ورثہ کی شقیں قابل اطلاق نہیں ہیں۔

منصوبے کے اہم ماحولیاتی اور سماجی خطرات اور انکے اثرات اور ان میں کمی کے اہم اقدامات

1۔ماحولیاتی اور سماجی خطرات کا جائزہ اور مینجمنٹ

زمین اور قدرتی ماحول: مجوزہ ایل این جی ٹرمینل پروجیکٹ کے لئے براںچ جیٹی موجودہ لیکوئیڈ کیمیکل جیٹی کے قریب تعمیر کی جائیگی جو پورٹ قاسم پر جہاز رانی کے لئے مناسب ایک سمندری راستے کے قریب ہے۔

24 میں سے 20 کلومیٹر پائپ لائن پورٹ انڈسٹری زون کے اندر تعمیر کی جائے گی۔ایک کلومیٹر پائپ لائن ریلوے اور نیشنل ہائی وے کی زمین سے گزرے گی جبکہ 3 کلومیٹر پورٹ اتھارٹی انڈسٹری زون کے باہر نیم صحرائی زمین سے گزرے گی۔پائپ لائن کے قریب کوئی رہائشی علاقہ نہیں ہے۔قریب ترین رہائشی علاقہ تقریباً 5 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔جیٹی سائٹ اور پورٹ قاسم اتھارٹی کے سمندری راستے کے قریب مینگرووز ہیں جو قدرتی طور پر محفوظ علاقہ ہیں۔ESIA کے مطابق اس علاقے یا پائپ لائن کے نزدیک ایسے جاندار یا قدرتی وسائل نہیں جنہیں نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو۔

ماحولیات اور سماجی کارپوریٹ پالیسی: اینگرو کی اپنی E&S پالیسی ہے، جسکے تحت وسائل کا استعمال اسطرح کیا جانا چاہیئے کہ کام کی جگہ، افرادی قوت، پڑوسیوں، صارفین اور وزیٹرز کی صحت اور ان کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔اینگرو کی E&S پالیسی کا تقاضا یہ بھی ہے کہ ماحول، صحت اور تحفظ کے بارے میں ذمہ داری احتیاط سے کہیں بڑھ کر ہو اور یہ اپنی تنصیبات کے علاوہ کیمیکل ٹرانسپورٹیشن تک بھی ہو۔اینگرو کی تمام تنصیبات پر EHS ڈپارٹمنٹس EHS آپریشنل طریقہ کار کے اطلاق کے ذمہ دار ہیں۔سالانہ ریفریشر ٹریننگ اور نئے ملازمین کی بھرتی کے وقت کارپوریٹ EHS پالیسی کا اطلاق لازمی کیا جاتا ہے۔

خطرات اور ان کے اثرات کی نشاندہی

اینزو نے بیرونی ماہرین کی خدمات حاصل کیں تاکہ LNG ٹرمینل پراجیکٹ کے لیے E.S.I.A. کا جائزہ لیا جاسکے۔ESIA کی منظوری SEPA نے دی جس سے قبل ایکسپرٹ کمیٹی کے ہمراہ عوام الناس سے بات بھی کی گئی۔IFC کی ضروریات کے تحت ESIA پر نظر ثانی کی گئی تاکہ IFC پرفارمنس اسٹینڈرڈ اور اس سلسلے میں ورلڈ بینک گروپ کے رہنما اصولوں کے مطابق کام کیا جاسکے۔نظر ثانی شدہ ESIA میں مختلف قسم کے تجزیات شامل ہیں جنہیں UK کی نامور کمپنیوں لائڈ رجسٹر اور بی ایم ٹی آرگاس نے کیا۔نظر ثانی شدہ ESIA میں EHS رسک کی بڑی رینج کے تجزیات شامل تھے جن میں ہائی رسک اور حادثاتی رسک شامل ہیں۔

ماحولیاتی اور سماجی مینجمنٹ اور آرگنائزیشن

EVTL میں EHS مینجمنٹ پروگرام اور اس کے اطلاق کے مکمل طریقہ ہائے کار موجود ہیں۔جن میں کام کی جگہ اور ماحول کی سخت نگرانی، نقصان دہ میٹریل کا انتظام ٹھوس صنعتی

فضلے کا انتظام، آلات کے استعمال میں تحفظ کا طریقہ، ایمرجنسی رسپانس، سپ EHS مینجمنٹ، روڈ ٹینکر مینجمنٹ اور دیگر شامل ہیں۔

ایمرجنسی کی تیاری اور ریسپانس

EVT کی تنصیبات پر آگ لگنے کا اندیشہ اور خطرناک کیمیائی اجزاء کا اخراج اہم خطرات ہیں مگر کمپنی کے اس سلسلے میں طریقہ ہائے کار بے حد سخت ہیں جن کا مقصد آگ لگنے کے خطرے کو روکنا اور کیمیائی اجزاء کے اخراج کو روکنا ہے۔ اسٹوریج کے اندر ذاتی الیکٹرونکس لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔ جیٹی ایریا اور اس علاقے میں موجود تمام گاڑیوں میں اسپارک اریسٹر نصب ہیں۔ تمام تنصیبات میں فائر اور گیس سنسر لگے ہوئے ہیں جو وجہ حرارت دھوئیں، دھماکے یا کیمیائی اجزاء کی موجودگی کو جانچنے کے لیے لگائے گئے ہیں۔

تنصیبات پر سینسر سسٹم اور سی ٹی وی سینٹرل کنٹرول روم سے منسلک ہیں جہاں سے حفاظت کے بنیادی اصولوں کی نگرانی کی جاتی ہے۔

سائٹ پر وافر مقدار میں آگ بجھانے کے لیے پانی اور فوم دستیاب ہے۔ زیادہ آگ لگنے کی سورت میں آگ بجھانے کا نظام خود بخود سمندری پانی سے منسلک ہو جائے گا۔

اسپرنکلر سسٹم اور فوم سے آگ بجھانے کا نظام تمام ٹینکوں اور اہم مقامات پر نصب ہے اور آگ بجھانے کے تمام آلات کا EHS یونٹ باقاعدگی سے معائنہ کرتا ہے EVTL کا اپنا فائر بریگیڈ ہے جسے پورٹ قاسم فائر بریگیڈ سے مدد حاصل ہے۔ کسی بھی حادثے کی صورت میں EVTL کا آن سائیٹ کلینک موجود ہے اور ایک بڑا اسپتال صرف 1.2 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ خطرناک کیمیکلز کو ہینڈل کرنے کے لیے میٹریل سیفٹی، ڈیٹا شیٹ، EVTL کی تنصیبات پر دستیاب ہیں۔ ان شیٹس کی نقول ER کلینک میں بھی رکھی جاتی ہیں۔ مجوزہ LNG جیٹی پر فائر اور گیس کا پتہ لگانے والا جدید نظام دستیاب ہوگا اور ساتھ ہی اسپرنکلر سسٹم بھی دستیاب ہوگا۔

جائزے اور نگرانی

یہ شفٹ سے پہلے اور بعد میں EHS بریفنگ ہوتی ہے۔ مینجمنٹ ہر ماہ EHS منیجر اور ہر آپریشنل یونٹ کے منیجروں کے ساتھ EHS میٹنگ کرتی ہے۔ تمام ملازمین کے لیے سہ ماہی سیفٹی میٹنگ منعقد ہوتی ہیں۔ ٹرمینل منیجر، EHS ڈپارٹمنٹ کے ساتھ ایک روٹین کے تحت EHS معائنہ کرتا ہے۔ بیرونی سیفٹی ماہرین کو سیفٹی آڈٹس کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ یورپ میں قائم بین الاقوامی (CDI-T) سے جیٹی اسٹوریج آپریشن آڈٹس کرتی ہے۔ مختلف معائنوں / آڈٹس میں پائی جانے والی غلطی کو دور کرنے کے لیے درکار ضروری اصلاحی اقدامات کیے جاتے ہیں اور آئندہ معائنے / آڈٹ میں اس کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ انہیں ماہانہ میٹنگز میں بھی چیک کیا جاتا ہے۔

لیبر اور کام کے حالات: کارپوریٹ ہیومن ریسورس پالیسی اور مینجمنٹ: اینگرو کی ہیومن ریسورس پالیسی ہے جسکے تحت تمام ملازمین کو تربیت، ترقی، کارکردگی کی مینجمنٹ، فوائد، اور دیگر مراعات کے مساوی مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔

کام کے حالات: EVTL کے کل 65 ملازمین ہیں جن میں سے 4 خواتین ہیں۔ ان ملازمین کی عمر کی حد 18 تا 56 سال ہے۔ انتظامی سطح پر خواتین کل ملازمین کا 25 فیصد ہیں۔ تمام ملازمین کو ملازمت کے قواعد اور ضوابط کے ہمراہ تقرری کا خط بھی دیا گیا ہے۔ اوقات کار، اوور ٹائم، چھٹی کے دن کام، بیماری یا میٹرنٹی کی چھٹی، دیگر چھٹیاں، ملازمین کے حقوق کا تحفظ مقامی لیبر قوانین کے تحت کیا جاتا ہے۔

ملازمین کی تنظیم: مقامی لیبر قوانین کے تحت ایسوسی ایشن سازی پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ اگرچہ کمپنی بھی ایسی کوئی پابندی نہیں لگاتی لیکن کمپنی کا کوئی مستقل یا کانٹریکٹ ملازم کسی ایسوسی ایشن کا ممبر نہیں ہے۔ کمپنی انتظامیہ اپنے ملازمین سے سالانہ اسٹاف میٹنگز کے علاوہ غیر رسمی طور پر بھی مصروف تعاون رہتی ہے۔ کمپنی یونین سازی کے حق کی آزادی کے اظہار کے لیے اپنی HR پالیسی پر نظر ثانی کرے گی۔ نئی پالیسی کی نقل تمام ملازمین کو دی جائے گی۔

غیر امتیازی رویے اور مساوی مواقع: اینگرو اپنے ملازمین کو مساوی مواقع فراہم کرتا ہے۔ پالیسی کی روشنی میں کمپنی ملازمت کے لئے درخواست دینے والے تمام افراد کو شفاف طریقہ کار سے مساسوی مواقع فراہم کرتی ہے۔ اور کام کا ایسا ماحول فراہم کرتی ہے جہاں ملازمین کو اپنی صلاحیتوں میں اضافے اور نکھار کا مساوی موقع ملتا رہے۔

تخفیف: کسی طرح کی تخفیف ملازمی کا کوئی ارادہ نہیں۔ اسکے برعکس امید ہے کہ ایل این جی ٹرمینل منصوبے کے لئے مزید ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوں گے

شکایات کا میکنزم: اینگرو کی اسپیک آؤٹ کے نام سے وسل بلوئر پالیسی ہے جو کام کی جگہ پر ہراساں کیے جانے کے عمل کے خلاف ایک موثر پالیسی ہے۔ ملازمین کے پاس شکایت کرنے کے دو چینل ہیں جنھیں ہیومن ریسورس شکایت کے میکنزم کے طور پر استعمال کرتی ہے۔ تاہم یہ پالیسی اندرونی شکایات کو ہینڈل کرنے کے میکنزم کی وضاحت نہیں کرتی۔ ایک مرتبہ شکایت کے میکنزم کے تمام ملازمین پر واضح ہو جانے کی صورت میں یہ میکنزم تمام براہ راست اور کانٹریکٹ ملازمین کے لئے موثر ہو جائے گا۔

افرادی قوت کا تحفظ: اینگرو میں بچوں سے یا جبری مشقت نہیں لی جاتی۔ کمپنی اپنے ٹھیکیداروں کو بھی پابند کرتی ہے کہ انکے پاس کام کرنیوالے تمام افراد کی عمر کم از کم 18 سال ہو۔

پیشہ ورانہ صحت و تحفظ: اینگرو کے تمام ذیلی اداروں کی طرح EVTL بھی ڈیو پونٹ سیفٹی مینجمنٹ سسٹم پر عمل پیرا ہے۔ OHS مینجمنٹ میں OHS پرمٹس، ذاتی تحفظ کے آلات، میٹریل / ٹول ہینڈلنگ اور خطرات کے بارے میں آگاہی وغیرہ شامل ہیں۔ ٹرمینل پر روٹین کی OHS ٹریننگ ہوتی ہے، جس میں نئے ملازمین کے ساتھ ساتھ سالانہ ریفریشر

کورسز بھی شامل ہیں۔ ٹرمینل کی تاریخ میں کوئی خطرناک یا جان لیوا حادثہ نہیں ہوا۔ اور گذشتہ 10 برسوں میں صرف 8 گھنٹے حادثات کی صورت میں ضائع ہوئے ہیں۔ جبکہ گذشتہ تین برسوں میں کوئی قابل ذکر انجری نہیں ہوئی۔ کسی بڑے حادثے سے بچاؤ کے لئے سسٹم اور فرسٹ ایڈ موجود ہے۔ کام کے دوران خطرات پر تربیت سب کو فراہم کی جاتی ہے۔ ہر ادارے میں خاصی تعداد میں ذاتی تحفظ کے آلات موجود ہیں اور تمام ملازمین ان آلات کو باقاعدگی سے استعمال کرتے ہیں۔ ٹرمینل پر روٹین کی حفاظتی تربیت ہوتی ہے، جس کے ساتھ ساتھ سالانہ ریفریشر کورسز بھی کروائے جاتے ہیں۔

وسائل کی اہلیت اور آلودگی سے بچاؤ

خام مال اور وسائل کی اہلیت: اس منصوبے میں کوئی مینوفیکچرنگ پروسیسز شامل نہیں ہیں۔ (ٹھنڈا کرنے کے لئے) زیادہ تر استعمال سمندری پانی کا ہے، قدرتی گیس کا استعمال ٹربائنز پر ہے جبکہ گیس پمپنگ کے لئے بجلی درکار ہے۔ FRSU ٹربائنز پر تقریباً 68000 کیوبک میٹر سالانہ گیس استعمال کرتا ہے۔ ڈیزائن کے مطابق ری گیسیفیکیشن کے لئے توانائی کا استعمال سالانہ GS 7 کیوبک میٹر قدرتی گیس کے لئے 24 میگاواٹ ہے۔ جو بینچ مارک گائیڈ لائنز یعنی سالانہ GS 8 کیوبک میٹر قدرتی گیس کے لئے 30 میگاواٹ کے مطابق ہے۔

آلودگی سے بچاؤ اور کمپلائنس: سائٹ پر حاصل ہونے والا آلودہ پانی سینٹری اور تنصیبات کی صفائی سے حاصل ہونے والا پانی ہوگا جسے ضائع کرنے سے پہلے سائٹ پر ہی ٹریٹ کیا جائے گا۔ ری گیسیفیکیشن کے لئے استعمال ہونے والا سمندری پانی مکسنگ زون کے گردوپیش کے پانی کی نسبت 3 سینٹی گریڈ تک کنٹرول کیا جائے گا۔ سائٹ پر ایمرجنسی اسپل ٹینکس موجود ہیں تاکہ حادثاتی طور پر بہ نکلنے والے کیمیکلز کو جیٹی یا ٹرک لوڈنگ ایریا تک جانے سے روکا جا سکے۔ سینٹری اور صنعتی فضلہ جات کو پورٹ قاسم اتھارٹی کے منظور شدہ کنٹریکٹرز کے ذریعے ٹھکانے لگایا جاتا ہے۔

نقصان دہ مواد اور آپریشنل نقصانات

LNG کا انتظام EE جبکہ مائع گیس کی ری گیسیفیکیشن کا کام EETL کرے گی۔ EVTL کے استعمال میں دوسرے کیمیکلز بھی خطرناک ہیں۔ اگر اس مواد کو مناسب انداز میں ہینڈل اسٹور اور ٹرانسپورٹ نہ کیا جائے تو یہ ملازمین اور قریبی صنعتوں کے لئے نقصان دہ ہوسکتا ہے۔ سائٹ پر موجود تمام اسٹوریج ٹینکس کا وقتاً فوقتاً بیرونی ماہرین سے معائنہ کروایا جاتا ہے۔ تمام خطرناک اسٹوریج ٹینکس کا QRA کروایا جاتا ہے تاکہ تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ EVTL نے ان خطرناک کیمیکلز کے انتظام کے لئے تمام طریقہ ہائے کار طے کر رکھے ہیں اور EVTL منصوبے کی تکمیل کے بعد یہی طریقے LNG کے انتظام کے لئے استعمال کرے گی۔

تمام جہازوں کو حفاظت، مہارت، سیکیورٹی اور ماحول کے تحفظ کے لئے IMO کے طے کردہ اصولوں کی پابندی کرنا ہوگی۔ ٹرمینل کی 3 ماہ کی ایڈوانس شپ پلاننگ ہے۔ برتھ پر آنے والے تمام جہازوں کو پہلے ٹرمینل مینجمنٹ سے منظوری لینا ہوگی۔ اسی طرح ان لوڈنگ سے قبل EHS انجینئرز اور جہاز کا آپریشنل عملہ تمام سیفٹی، آگ سے بچاؤ، لیکیج اور ER خصوصیات کا معائنہ کریں گے۔

تمام روڈ ٹینکرز EVTL کے کلائنٹس سے حاصل کئے جاتے ہیں۔ اس سے قبل کہ ٹینکر EVTL کی سائٹ میں خطرناک کیمیکلز اٹھانے کے لئے داخل ہو، EVTL اسٹاف ٹینکر کی سیفٹی صورتحال کو چیک کرتا ہے اور ٹینکروں اور ڈرائیوروں کے سرٹیفکیٹس کا جائزہ لیتا ہے۔ صرف کوالیفائیڈ ٹینکروں اور ڈرائیوروں کو EVTL کی حدود میں داخل ہونے کی اجازت ہے۔ EVTL توسیع شدہ ٹھیکوں کی پری اپروول دیتا ہے اور اکثر ان کے انشورنس ریکارڈ چیک کئے جاتے ہیں۔

گرین ہاؤس گیسیں: اس منصوبے کے آغاز کے بعد، اینگی ٹرمینل سے FSRU ٹربائن پر قدرتی گیس کے جلنے سے تقریباً 47000 ٹن سالانہ کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس پیدا کریگا۔

کمیونٹی کی صحت، سیفٹی اور تحفظ

ایمرجنسی کیلئے تیاری اور ریسپانس

EVTL کا ایک ER منصوبہ ہے جس کے تحت فائر فائٹنگ اور دوسرے پوٹینشل کیمیکل کے بارے میں روٹین کی ڈرلز کی جاتی ہیں EVTL اسی طرح کا طریقہ کار LNG کیلئے بھی تیار کرے گا۔ EVTL صرف IMO کے قواعد پر پورے اترنے والے شپس کو LNG فراہم کرنے کی اجازت دے گا۔ EVTL.VOPAK۔۔۔ میں داخل ہونے والے تمام جہازوں کا جائزہ لے گا۔ EETL ایسے ہی طریقہ کار کو اختیار کرے گا۔ روڈ ٹرانسپورٹیشن کیلئے ETVL اپنے کلائنٹس سے صرف ایسی ٹرانسپورٹیشن کمپنیوں سے معاہدہ کرنے کو کہتا ہے جن کے پاس دفاعی ڈرائیونگ پروگرام، قابل قبول محفوظ ڈرائیونگ ریکارڈ اور مناسب ایمرجنسی ریسپانس کے طریقے ہوں EVTL تمام طویل المیعاد ٹرانسپورٹیشن

کونٹریکٹرز کی انشورنس کی تفصیلات کا جائزہ بھی لیتا ہے۔

سیکیوریٹی پرسونل

ٹرمینل کو زمینی رسائی EVTL سے حاصل ہے جس کے اپنے پرائیوٹ سیکیوریٹی گارڈز ہیں اور پورٹ قاسم اتھارٹی کے اندر پورٹ قاسم کے اپنے گارڈز ہیں۔سمندری جانب نیوی کے انٹیلی جنس گارڈز اور کوسٹ گارڈز کی بھرپور نگرانی رہتی ہے۔EVTL کو مختلف اسلحہ بردار سیکیوریٹی فورکیلئے EHS مینجمنٹ سسٹم میں آرمڈ سیکیوریٹی کے استعمال کی پالیسی اور طریقہ کار کا اضافہ کرنا ہوگا تاکہ محافظوں کو ملازمت و تقرری سے پہلے ان کے ذاتی ریکارڈ کو چیک کیا جا سکے۔علاوہ ازیں ان طریقہ کار میں اندرونی اور بیرونی شکایات کا طریقہ،سیکیوریٹی پرسونل کی کمیونیٹی یا ملازمین کے خلاف کوڈ وائیلیشن کا طریقہ کار شامل ہے۔

زمین کا حصول اور بلاارادہ ری سیٹلمنٹ

صنعتی زون کے قریبی علاقوں میں کوئی آبادی نہیں ہے۔مجموعی طور پر گیس پائپ لائن کیلئے Row 23.5 کلومیٹر ہے جس میں 3 کلومیٹر EVTL ٹرمینل کے اندر 16 کلومیٹر پورٹ قاسم انڈسٹریل زون میں اور تقریباً 3 کلومیٹر نجی زمین پر ہے۔ROW بنجر زمین ہے،سوئی سدرن گیس کمپنی مقامی سٹی ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ساتھ مل کر اس پرائیوٹ زمین کے مالکان کی تلاش شروع کردی ہے تاکہ ان سے ROW کیلئے اس زمین کی خریداری مکمل کی جا سکے۔یہ امر واضح ہے کہ اس عمل میں کوئی بلاارادہ ری سیٹلمنٹ یا اس نوعیت کا کوئی احتمال موجود ہی نہیں ہے۔تاہم ابھی مستقبل میں اس زمین پر قبضے کا احتمال موجود ہے اور ساتھ ہی ایک خدشہ یہ بھی ہے کہ ROW کے قیام سے کیا یہ زمین مستقبل میں قابل استعمال رہے گی یا نہیں۔کلائنٹ سوئی سدرن کے طریقہ کار کا جائزہ لے گا تاکہ اسکی PSS کے مطابق ہونے کی تصدیق ہو سکے۔اگر PSS سے کچھ نامسابقت نظر آتی ہے تو کلائنٹ مستقبل میں اس کو دور کرنے کیلئے پرعزم ہے۔

بائیوڈائیورسٹی تحفظ اور جاندار قدرتی وسائل کا بچاؤ

جیٹی سائٹ سے تقریباً 1.6 - 1.3 ملین کیوبک میٹر گار نکالا جائے گا۔یہ گار پورٹ انڈسٹری زون میں پورٹ اتھارٹیز کی جانب سے نشاندہی کی گئی 50 ایکڑ مینگرووا ایریا میں ٹھکانے لگایا جائے گا۔کریک کی تہہ کو نقصان سے بچانے کے لئے اگر ضروری سمجھا گیا تو سکشن ڈریجر یا کٹر ہیڈ سکشن ڈریجر استعمال کیا جائے گا۔اس طرح کریک کے پانی پر ماحولیاتی آلودگی کا اثر کم سے کم ہوگا۔اس منصوبے کے حصے کے طور پر اینگرو پورٹ قاسم اتھارٹیز کو کیچڑ کی ٹرانسپورٹیشن میں مدد بھی فراہم کرے گا۔

ساحلی مینگروز کے ماحول کو بچانے اور ڈاؤن اسٹریم میں مچھلی کے شکار کی سرگرمیوں کو تحفظ دینے کیلئے ڈریج شدہ میٹریل کو کریک میں نہیں ڈالا جائے گا۔تمام ڈریج میٹریل PQA کے مجوزہ مقام پر لینڈ ڈسپوزل کیلئے استعمال ہوگا۔اس سے ایک موثر ساحلی محفوظ پٹی تعمیر ہوگی جو ساحلی طغیانی کے خلاف تحفظ فراہم کرے گی۔ESAP کی روشنی میں اینگرو ڈریج میٹریل کو ٹھکانے لگانے کا ایک موثر نظام ترتیب دے گا۔

مینگروز: پورٹ قاسم کے قریب کریک کے علاقے میں خاصی گھنی مینگروز موجود ہیں۔ESIA کا خیال ہے کہ ان مینگروز کی نباتی زندگی خاصی محدود ہے کیونکہ اس علاقے میں صنعتی جیٹیوں اور ٹرمینل اسٹوریج سائٹس کی بہتات ہے۔متاثرہ مینگروز ایریا کے بدل کے طور PQA نئی جگہ کا فیصلہ کرے گی جہاں مینگروز کو دوبارہ لگایا جائے گا۔ان مینگروز کی دیکھ بھال ایک خودمختار تھرڈ پارٹی کریگی۔

قدرتی ماحول: EISA کے مطابق پروجیکٹ ایریا کے اندر کوئی ایسا جاندار نہیں جسکی بقاء کو اس منصوبے سے خطرہ ہو۔اضافی ڈیسک ٹاپ ریویو IBAT اور IUCN کی ریڈلسٹ کی مدد سے کی جائیں گی تاکہ ایسی کسی مخلوق یا جاندار کا پتہ چلایا جا سکے۔تاہم مینگروز ایریا میں ایسی کوئی مخلوق موجود نہیں۔دستیاب معلومات کی بنیاد پر منصوبے کے ایریا میں مینگروز جنگلات قدرتی مسکن ہیں۔

ایکوسسٹم سروسز

مقامی آبادی کی عدم موجودگی اور PQA کے حفاظتی اقدامات کے تحت مقامی آبادی کیلئے پوٹینشل ایکوسسٹم سروسز کے امکانات نہیں تاہم ایسی سروسز کے کچھ امکانات ڈاؤن اسٹریم فشریز میں ہو سکتے ہیں۔ESIA کی تصدیق کے مطابق پروجیکٹ ایریا میں کوئی مخصوص نرسری ایریا جو مینگروز ایریا سے متعلق ہو موجود نہیں۔

تاہم مینگروز کو دوبارہ لگانے کی صورت میں کم از کم بارڈر ایکوسسٹم سروسز بحال ہونے کی توقع ہے جو فش نرسری کے طور پر کام کریں گی۔چونکہ PQA پر مزید جیٹیاں تعمیر ہونا ہیں لہٰذا ایکوسسٹم اور فشریز پر انکے اثرات کم سے درمیانے درجے کے ہوں گے۔اس منصوبے کا حصہ ہونے کے ناطے اینگرو،پورٹ قاسم اتھارٹی کے ساتھ ایکوسسٹم سروسز پر مزید کام کرے گا۔

کلائنٹ کا کمیونٹی سے تعلق

صنعتی پورٹ زون میں ہونے کے ناطے EERL منصوبہ آبادی کے قریب واقع نہیں ہے۔اس منصوبے میں مقامی افراد کی ملازمتیں فراہم کرنے کے باوجود EETL کمیونٹی کی بہتری کیلئے کئی اقدامات کر رہا ہے جو اینگرو کے کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی پروگرام کا حصہ ہے۔کمپنی سالانہ 2% قبل از ٹیکس آمدنی CSR پروگراموں کیلئے مختص کرتی ہے۔
چونکہ اینجی منصوبے کے قریب کوئی آبادی نہیں دوسرے پورٹ کے علاقے میں مچھلی پکڑنے کی اجازت بھی نہیں اور قریب ترین آبادی جہاں مچھلی کے شکار کی اجازت ہے منصوبے سے 12 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔اس طرح اس منصوبے کے کمیونٹی کی زندگی پر کوئی اثرات نہیں ہوں گے۔
اس لئے منصوبے کی قریب ترین کمیونٹی اسی علاقے میں موجود دیگر صنعتیں ہیں جن کو پورٹ کے علاقے میں صنعتی سہولیات حاصل ہیں۔20 کلومیٹر طویل پائپ لائن اینجی کے منصوبے کے اندر بعض قریبی تنصیبات کے قریب سے گزرے گی۔EETL نے پہلے ہی ایک تشکیل دے دی ہے اور اسے منصوبے کی پلاننگ کے دوران لاگو کر دیا گیا تھا۔تاہم EETL اس امر کو یقینی بنائے گی کہ اس منصوبے کی تعمیر اور آپریشنل ہونے کے مراحل کے دوران اسٹیک ہولڈرز کو اس میں شامل کیا جائے۔اس منصوبے سے اندرونی اور بیرونی اسٹیک ہولڈرز جیسے متاثرہ تنصیبات اور زمین کے مالکان سامنے آئیں گے۔رابطے کے طریقہ کار واضع کئے جائیں گے۔معلومات کا تبادلہ ہوگا اور شکایات کا ایک ٹھوس طریقہ کار تشکیل پائے گا۔

منصوبے کی دستاویزات تک مقامی رسائی

اینگرو اس دستاویز کو مقامی زبان میں اینگرو کی ویب سائٹ پر نشر کرے گا۔اس منصوبے کے ماحولیاتی اور سماجی اثرات کے بارے میں مزید معلومات اور تحفظات کیلئے رابطہ کیجئے۔

جناب شیخ عمران الحق

اینگرو اینجی ٹرمینل لمیٹڈ

آٹھویں منزل، ہاربر فرنٹ بلڈنگ،

HC 3 میرین ڈرائیو، کلفٹن بلاک 4 کراچی

فون: 111-311-311

فیکس: 35293906 21 92+